# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 19 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۹/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ نیٹ یو جی معاملہ میں امتحانی مرکز کی بنیاد پر کل تک نتائج کا اعلان کرنے سپریم کورٹ کی قومی امتحانی ادارے کو ہدایت

☆ وزیر اعلیٰ تربیتِ نوجواں اسکیم کی مہا سویم ویب سائٹ کا افتتاح

☆ جالنہ ضلع میں خانگی مسافر بس حادثہ کا شکار 7/افراد ہلاک

اور

☆ خواتین T-20/ایشیائی کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت - پاکستان مقابلہ جبکہ مرد کرکٹ ٹیم کے سری لنکا دورہ کا اعلان

اب خبریں تفصیل سے...

نیٹ یو جی 2024ء امتحان دینے والے تمام طلبہ کا نتیجہ آئندہ سینچر دوپہر 12/بجے تک ظاہر کرنے کے احکامات سپریم کورٹ نے قومی امتحانی اِدارہ کو دیے ہیں۔ نیٹ یو جی امتحان بے قاعدگی معاملہ میں داخل کردہ 40/عرضیوں کی سماعت چیف جسٹس ڈی وائے چندر چوڑ ، جسٹس جے بی پارڈی والا اور جسٹس منوج مِشرا کی بینچ کے روبرو کل سے شروع ہوئی۔ اِس موقع پر عدالت نے یہ احکامات دیے۔ عدالت نے کہا کہ NTA شہر اور امتحانی مراکز کی تفصیلات سمیت امیدوار کی شناخت کو بغیر کسی دباؤ کے اپنی ویب سائٹ پر ظاہر کریں۔ اِس بے قاعدگی کی جانچ کررہے مرکزی تفتیشی محکمہ CBI نے اب تک کی تفتیش کی رپورٹ کل بند لفافہ میں عدالت کے روبرو پیش کی۔ CBI نے کہا کہ وہ اب ہی ظاہر کیا گیا تو آئندہ تفتیش پر اِس کے ناگوار اثرات ہو سکتے ہیں۔

عدالت نے کہا کہ اِس طرح امتحانات میں بے قاعدگی سے سماج پر بُرے اثرات مرتب ہوں گے۔ اگلی سماعت آئندہ پیر کو ہوگی۔

دریں اثناء نیٹ یو جی پرچہ افشاء معاملہ میں CBI نے بہار کی راجدھانی پٹنہ کے ایمس کالج کے 4/طلباء کو حراست میں لے لیا ہے اور سے پوچھ گچھ جاری ہے۔

***** ***** *****

گڑھ چِرولی ضلعے کے ایٹا پلی تعلقہ میں پولس نے بدھ کو کی گئی کارروائی میں یہ بات سامنے آئی کہ نکسل تحریک کی 2/ٹولیاں ماری گئی ہیں۔ گڑھ چِرولی کے پولس سپرنٹنڈنٹ نیلوتپل نے کل ایک پریس کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ اِس انکاؤنٹر میں 12/نکسلی مارے گئے ہیں۔ ان سب پر 30/لاکھ روپئے کا انعام تھا۔

دریں اثناء چھتیس گڑھ میں بدھ کی رات بیجاپور اور سُکما اضلاع کی سرحد کے قریب نکسلیوں کے حملے میں اسپیشل ٹاسک فورس کے 2/پولس اہلکار شہید ہوگئے جبکہ 4/پولس اہلکار زخمی ہوگئے۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ یوواکاریہ پرشکشن اسکیم کا مہا سویم اِس ویب سائٹ کا افتتاح کل وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں ہوا۔ اِس موقعے پر ریاست کے تمام ڈویژنل کمشنرس ، ضلع کلکٹر ،ضلع پریشد کے CEO اور متعلقہ علاقائی عہدیداران ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شریک ہوئے۔ اِس ویب سائٹ پر امیدوار ، صنعتی پیشہ ور اور اِداروں کا اندراج ہوسکے گا۔

دریں اثناء وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم میں اندراج کرتے وقت اندراج کرنے والی خواتین سے پیشہ مانگنے والوں کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے احکامات وزیراعلیٰ نے دیے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صرف سرکاری مراکز پر بھرنے والی درخواستوں کو ہی جانچ کے لیے اہل قرار دیا جائے گا۔ خواتین کے آدھار اور بینک اکاؤنٹ کی معلومات احتیاط سے بھرنے کا حکم وزیراعلیٰ نے دیا۔

***** ***** *****

ریاست کی سیاحتی پالیسی 2024ء تیار کی گئی ہے۔ اِس پالیسی کے تحت ریاست میں تقریباً ایک لاکھ کروڑ کی سرمایہ کاری اور 18/لاکھ روزگار پیدا ہونے کی امید وزیر سیاحت گیریش مہاجن نے ظاہر کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ دیہی اور شہری علاقوں میں براہ راست اور بالواسطہ روزگار پیدا کرنا آئندہ 10/برسوں میں سیاحتی مقامات بنیادی سہولیات کی ترقی اور سیاحوں کی تعداد میں اضافہ اِس پالیسی کا مقصد ہے۔

***** ***** *****

محنتی ، کسان ، بے سہارا ، معذورین کے حقوق کے لیے پر ہار جن شکتی پارٹی کی جانب سے آئندہ 9/اگست کو ریاست گیر احتجاج کا انتباہ دیا گیا ہے ۔ پر ہار جن شکتی پارٹی کے بانی صدر و رکن اسمبلی بچو کڑو نے کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی ۔ انھوں نے کہا کہ چھترپتی سنبھاجی نگر کے کرانتی چوک تا ڈویژنل کمشنر آفس میں یہ احتجاجی مورچہ رہے گا۔ ہمارے مطالبات اگر حکومت منظور کرتی ہے تو آئندہ اسمبلی انتخابات میں برسر اقتدار کے حق میں تشہیر کریں گے ۔ورنہ اُن کے خلاف تشہیر کریں گے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن احتجاج معاملہ میں آئندہ سات اگست سے مغربی مہاراشٹر میں مراٹھا ریزرویشن عوامی بیداری خاموش ریلی نکالی جائے گی ۔ اِس احتجاج کے لیڈر منوج جرانگے پاٹل نے کل جالنہ ضلع کے آنتر والی میں صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی ۔ انھوں نے کہا کہ اِس ریلی کی شروعات شولا پور ضلع سے ہوگی اور 13/اگست کو ناسک میں اختتام ہوگا ۔

دریں اثناء کل 20/جولائی سے دوبارہ بھوک ہڑتال کا انتباہ جرانگے نے دیا ہے۔ اِس سے قبل بھوک ہڑتال کے موقع پر حکومتی وفد نے دیے گئے تیقن پورے نہیں کیے گئے جس کی وجہ سے دوباہ بھوک ہڑتال کا فیصلہ لیا گیا ۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

جالنہ ضلع میں خانگی مسافر جیپ راستہ کے قریب کنویں میں گرگئی جس میں 7/مسافر ہلاک ہو گئے ۔ بدنا پور تعلقہ کے چنے گاؤں کے کچھ عقیدت مند پنڈھر پور کی واری سے فارغ ہونے کے بعد واپس لوٹتے ہوئے کل شام جالنہ - راجور راستہ کے تُپے واڑی پھاٹہ کے قریب کھنڈیشور بابا مندر علاقہ میں اِس جیپ کا تصادم ایک دو پہیہ سے ہوگیا اِس کے بعد جیپ راستہ کے قریب کنویں میں گرگئی۔

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے جالنہ کے ضلع کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ سے اِس حادثہ کی معلومات لی۔فوت شدہ وارکریوں کے افراد خاندان کو 5/لاکھ روپئے کی مدد وزیر اعلیٰ نے ظاہر کی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ میری پیاری بہن اسکیم کے فوائد سے دھاراشیو ضلع کی کوئی بھی اہل خاتون محروم نہیں رہے اس کے لیے منصوبہ بندی کرنے کے احکامات رابطہ وزیر ڈاکٹر تاناجی ساونت نے دیے ہیں۔ ضلع میں اب تک اِس اسکیم کے لیے 89/ ہزار 319/خواتین کی درخواستیں اہل پائے جانے کی اطلاع ملی ہے۔

لاتور ضلع کے اودگیر میں نگر پالیکا کی جانب سے گھر گھر جا کر خواتین کی درخواستیں بھرنے کی مہم عمل میں لائی جارہی ہے اس کے لیے 18/ملازمین تعینات کیے گئے ہیں۔ دریں اثناء اِس اسکیم کے تحت چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کی اب تک 2/لاکھ 54/ ہزار 489/خواتین کا اندراج ہو چکا ہے۔

***** ***** *****

خواتین T-20/ ایشیائی کرکٹ ٹورنامنٹ کا مقابلہ آج سے سری لنکا کے دامبولا میں شروع ہوگا۔ اِس ٹورنامنٹ میں بھارت کا پہلا مقابلہ آج پاکستان سے ہوگا بھارتی وقت کے مطابق شام 7/ بجے یہ مقابلہ شروع ہوگا۔

دریں اثناء بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ نے سری لنکا دورہ کے لیے ایک روزہ اور T-20/مقابلوں کے لیے مردوں کی ٹیم کا اعلان کیا۔ سوریہ کمار یادو اِس کے کپتان ہوں گے۔ ایک روز ٹیم میں کپتان روہت اور وراٹ کوہلی کو شامل کیا گیا ہے۔ دونوں سیریز کے لیے شُبھمن گِل کو نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ 27/جولائی کو پہلا T-20/مقابلہ کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

نشے سے پاک بھارت مہم کے تحت کل دھاراشیو ضلعے کے پی ایم شری جواہر نودۓ اسکول میں سبھی طلباء کو نشہ نہ کرنے کا عہد کروایا گیا۔ اسکول کے پرنسپل کے وائی اِنگڑے سمیت تمام اساتذہ اور ملازمین اِس موقعے پر موجود تھے۔

***** ***** *****

اِسکلس آن وہیلس تصور کے تحت ہنر مندانہ تعلیم کی ترقی و ترویج کے مقصد سے لینڈ اینڈ ہینڈ ملک بھر میں گشت کیا جارہا ہے۔ اِس گشت کی ناندیڑ ضلعے میں آمد ہونے پر ضلعے کے 10/اسکولوں میں یہ گشتی ٹیم وزٹ کرے گی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں آشا رضا کاروں اور گروپ صدر کی تنخواہوں میں اضافہ کرنے کے مطالبے پر کل بیڑ ضلع پریشد دفتر کے روبرو احتجاج کیا گیا۔ اِس سلسلے میں ایک مطالباتی محضر بھی انتظامیہ کو دیا گیا۔

***** ***** *****

ملک بھر میں ذات کی بنیاد پر مردم شماری کروانے اور ریزرویشن کوٹے کی گنجائش 50/فیصد سے بڑھانے کے مطالبے پر کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کی جانب سے کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں ضلع کلکٹر دفتر پر احتجاجی مظاہرکیا گیا۔ بعدازاں پارٹی کے شہرسیکریٹری ابھئے ٹاکسال کی قیادت میں مطالبات پر مبنی ایک محضر ضلع کلکٹر کو پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

امباجوگائی میں واقع یوگیشوری دیوی کے مندر میں تعمیر شدہ پرساد تقسیم کرنے کی جگہ کا افتتاح عمل میں آیا۔ اِس پرساد تقسیم جگہ سے روزآنہ دوپہر 12/ تا 2/بجے تک عقیدتمندوں میں پرساد تقسیم کیا جائے گا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں ذات سرٹیفکیٹ جانچ میں موجود خامیوں و نقائص کو دور کرنے کے لیے خصوصی مہم چلائی جائے گی۔ ضلع ذات سرٹیفکیٹ جانچ کمیٹی کے ڈپٹی کمشنر ایس آر مکرندنے بتایا کہ یہ مہم آئندہ 22/تا 31/جولائی کے درمیان چلائی جائے گی۔

***** ***** *****

اسمبلی کے آئندہ عام انتخابات کے پیش نظر ناندیڑ ضلعے میں 25/جولائی کو عبوری فہرست رائے دہندگان شائع کی جائے گی۔ فہرست رائے دہندگان میں اپنے نام درج کروانے، نام میں تصحیح کرنے ' پتہ تبدیل کرنے یا فہرست سے نام خارج کروانے کے لیے شہریوں کو 25/جولائی تا 9/اگست تک مہلت دی گئی ہے۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ نیٹ یو جی معاملہ میں امتحانی مرکز کی بنیاد پر کل تک نتائج کا اعلان کرنے سپریم کورٹ کی قومی امتحانی ادارے کو ہدایت

☆ وزیر اعلیٰ تربیتِ نوجوان اسکیم کی مہا سویم ویب سائٹ کا افتتاح

☆ جالنہ ضلع میں خانگی مسافر بس حادثہ کا شکار 7 / افراد ہلاک

اور

☆ خواتین T-20 / ایشیائی کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت - پاکستان مقابلہ جبکہ مرد کرکٹ ٹیم کے سری لنکا دورہ کا اعلان

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆